صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

الفضل

FR-10

1913ء سے جاری شدہ

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

ہفتہ 14 نومبر 2015ء یکم صفر 1437 ہجری 14 نبوت 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 258

ہفتہ 14 نومبر 2015ء

توریت اور انجیل میں ذکر رسولؐ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

جواس رسول نبی امی پر ایمان لاتے ہیں جسے وہ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔ وہ ان کو نیک باتوں کا حکم دیتا ہے اور انہیں بری باتوں سے روکتا ہے اور ان کے لئے پاکیزہ چیزیں حلال قرار دیتا ہے اور ان پر ناپاک چیزیں حرام قرار دیتا ہے اور ان سے ان کے بوجھ اور طوق اتار دیتا ہے جو ان پر پڑے ہوئے تھے۔ پس وہ لوگ جو اس پر ایمان لاتے ہیں اور اسے عزت دیتے ہیں اور اس کی مدد کرتے ہیں اور اس نور کی پیروی کرتے ہیں جو اس کے ساتھ اتارا گیا ہے یہی وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہونے والے ہیں۔ (الاعراف:158)

ارشادات عالیہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

وہ میری جان ہے:

ایک معترض کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

اسے اس محبت اور پیار اور عشق کا علم کس طرح ہو جو میرے دل کے ہر گوشہ میں محمد رسول اللہ ﷺ کے لئے ہے۔ وہ کیا جانے کہ محمد ﷺ کی محبت میرے اندر کس طرح سرایت کر گئی ہے وہ میری جان ہے۔ میرا دل ہے میری مراد ہے۔ میرا مطلوب ہے۔ اس کی غلامی میرے لئے عزت کا باعث ہے اور اس کی کفش برداری مجھے تخت شاہی سے بڑھ کر معلوم دیتی ہے۔ اس کے گھر کی جاروب کشی کے مقابلہ میں بادشاہت ہفت اقلیم ہیچ ہے۔ وہ خدا تعالیٰ کا پیارا ہے۔ پھر میں کیوں اس سے پیار نہ کروں۔ وہ اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے پھر میں اس سے کیوں محبت نہ کروں۔ وہ خدا تعالیٰ کا مقرب ہے پھر میں کیوں اس کا قرب نہ تلاش کروں۔ میرا حال مسیح موعود کے اس شعر کے مطابق ہے کہ ؎

بعد از خدا بعشق محمدؐ مخمرم   گر کفر ایں بود بخدا سخت کافرم

(حقیقۃ النبوۃ حصہ اول)

سچی غلامی کی برکت:

دوستو! میرا یقین اور کامل یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں۔ میرے پیارو! پھر میرا یقین ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول اور خاتم الانبیاء ہیں میرا یقین ہے کہ آپ کے بعد کوئی شخص نہیں آسکتا جو آپ کی دی ہوئی شریعت میں سے ایک شعشہ بھی منسوخ کر سکے۔

میرے پیارو! میرا وہ محبوب آقا سید الانبیاءؐ ایسی عظیم الشان شان رکھتا ہے کہ ایک شخص اس کی غلامی میں داخل ہو کر کامل اتباع اور وفاداری کے بعد نبیوں کا رتبہ حاصل کر سکتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ آنحضرت ﷺ ہی کی ایسی شان اور عزت ہے کہ آپؐ کی سچی غلامی میں نبی پیدا ہوسکتا ہے یہ میرا ایمان ہے اور پورے یقین سے کہتا ہوں۔

پھر میرا یقین ہے کہ قرآن مجید وہ پیاری کتاب ہے جو آنحضرت ﷺ پر نازل ہوئی ہے اور وہ خاتم الکتب اور خاتم شریعت ہے۔

(کلمات طیبات صفحہ 3)

بے مثال عشق:

جو لوگ میرے خطبات اور تقریریں سنتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ مجھ پر کبھی کوئی ایسا وقت نہیں آیا جب رسول کریم ﷺ کی زندگی کا کوئی واقعہ میں نے بیان کیا ہو اور رقت سے میرا گلا نہ پکڑا گیا ہو۔ دنیا میں محبتیں ہوتی ہیں کسی وقت کم اور کسی وقت زیادہ۔ مگر رسول کریم ﷺ سے مجھے ایسی شدید محبت ہے کہ مجھے اپنی زندگی میں ایک مثال بھی ایسی یاد نہیں کہ میں نے آپ کا ذکر کیا ہو اور مجھ پر رقت طاری نہ ہوگئی ہو اور میرا قلب محبت کی گہرائیوں میں نہ ڈوب گیا ہو۔ (خطبات محمود جلد 25 ص 137)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا

ریڈیو ہالینڈ سے انٹرویو

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ریڈیو ہالینڈ سے انٹرویو کی ریکارڈنگ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر پاکستانی وقت کے مطابق درج ذیل اوقات میں نشر کی جائے گی۔ احباب استفادہ فرمائیں۔

14 نومبر 8:40pm, 12:35pm

15 نومبر 7:00am, 12:00am

خلافت سے فیض پانے کے لئے پہلی شرط نماز ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

’’تَمکِنَت حاصل کرنے اور نظام خلافت سے فیض پانے کے لئے سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ نماز قائم کرو۔ کیونکہ عبادت اور نماز ہی ہے جو اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنے والی ہوگی ورنہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے اس انعام کے بعد اگر تم میرے شکرگزار بنتے ہوئے میری عبادت کی طرف توجہ نہیں دو گے تو نافرمانوں میں سے ہو گے۔ پھر شکرگزاری نہیں ناشکرگزاری ہو گی اور نافرمانوں کے لئے خلافت کا وعدہ نہیں ہے بلکہ مومنوں کے لئے ہے۔ پس یہ انتباہ ہے ہر اُس شخص کے لئے جو اپنی نمازوں کی طرف توجہ نہیں دیتا۔ کہ نظامِ خلافت کے فیض تم تک نہیں پہنچیں گے۔ اگر نظام خلافت سے فیض پانا ہے تو اللہ تعالیٰ کے اِس حکم کی تعمیل کرو کہ یَعۡبُدُوۡنَنِیۡ یعنی میری عبادت کرو۔ اِس پر عمل کرنا ہوگا۔ پس ہر احمدی کو یہ بات اپنے ذہن میں اچھی طرح بٹھا لینی چاہیے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے اِس اِنعام کا جو خلافت کی صورت میں جاری ہے فائدہ تب اُٹھا سکیں گے جب اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہوں گے۔‘‘

(خطبات مسرور جلد 5 ص 151)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

جناب عبدالکریم قدسی کے چند منتخب اشعار

تابشِ عشق محمدؐ ملی جب سے مجھ کو
خوف آتا نہیں تاریکی شب سے مجھ کو

خلافت کے ثمر میں اس قدر جھولی میں پاتا ہوں
کہ جب بھی گننے لگتا ہوں تو گنتی بھول جاتا ہوں

ہم کو تجھ سے ہے پیار پشتوں سے
تجھ سے رشتہ ہے چار پشتوں سے

جانے کس رستے سے آئے گا وہ اپنا شہسوار
شہر کا ہر راستہ، آراستہ کرتے رہو

مجھ کو نہیں ہے عزت و توقیر کی طلب
میں تو مرید ہوں کسی عزت مآب کا

در و دیوار تک ڈوبے ہیں نفرت کے پسینوں میں
تصادم بڑھتا جاتا ہے مکانوں میں مکینوں میں

میری قسمت میں سویرا سائیں
آپ نے نام لیا میرا سائیں

کس لئے مجھ سے گریزاں رہے سائے تیرے
میں نے کچھ بھی نہیں چاہا تھا سوائے تیرے

آ! تیرے بعد گلے ملنا ہی بُھول گیا
آ! قدسی کو سینے سے لگا پہلے کی طرح

کسی کا کس طرح سکہ چلے گا
دلوں کے تخت پر بیٹھا وہی ہے

کوئی تو ہے جو دل کی رونقیں آباد رکھتا ہے
دیارِ غیر میں رہ کر بھی ہم کو یاد رکھتا ہے

یہ پھول خلافت حقہ کے سو برسوں بعد بھی تازہ ہیں
یہ امن، محبت، پیار، وفاؤں کے چہرے کا غازہ ہیں

ہر طرح سے وہ سلامت ہوں پتا کرتے رہو
سائباں سر پر رہے قائم دعا کرتے رہو

پرائی فکر کی اترن، ہمیں پسند نہیں
دکان دل سے ہمیں تازہ مال ملتا ہے

یہ صبر و ضبط کے آنسو سنبھال کر رکھنا
کہ عمر بھر کی ہماری یہی کمائی ہے

روز ہی ڈھونا پڑتا ہے احساس کا مٹی گارا
صبر کی یہ دیوار کہاں تک اُونچی کرنا ہوگی

بکتے رہے ہیں اگلے زمانوں میں لوگ بھی
اتنا گرا ہوا مگر بھاؤ نہ تھا کبھی

مرا دل ایسا اک زرخیز رقبہ ہے جہاں پر میں
خلافت سے عقیدت کی نئی فصلیں اُگاتا ہوں

ادھر قربانیوں کی جھاڑیاں کانٹے مصائب کے
لباس اپنا جسے پیارا ہے وہ واپس چلا جائے

شاہ کے در سے فقیروں کو بلاوا آیا
میرے آقا! میرے سلطان میں آیا آیا

شکرِ رب ذوالمنن قدسیؔ ادا کیسے کریں
جس نے ہم کو چودھویں کا چاند دکھلایا ہے پھر

ان کے گھر وصل کے مہتاب نہیں آتے ہیں
وہ جنہیں ہجر کے آداب نہیں آتے ہیں

سنتے ہیں روزانہ آتا ہے وہ درشن دینے کو
جی بھر کر ہم دیکھیں اس کو آنکھوں کو تسکین ملے

یہ بات شہر کے منصف کو کون سمجھائے
ہے عدل وہ جو زمانے کو بھی نظر آئے

کتنے چہروں پہ پسینہ سا نظر آئے گا
شہر میں لوٹ کے جب شہر بدر آئے گا

تمہارے گھر کی بھی بنیاد ہم نے رکھی ہے
ہمیں ہمارے گھروں سے نکالنے والو

اے خدا! لگ جائے میری زندگی اس شخص کو
جو ہمارے درد میں راتوں کو بھی سوتا نہیں

جن کا حصہ ہے بہت ملک کی آزادی میں
بچے بوڑھے ہیں جواں ملک بدر کن کے ان کے

اُتری جو آسماں سے ابھی روشنی نئی
فتح و ظفر کی کھولے گی راہیں نئی نئی

(انتخاب: پروفیسر عبدالصمد قریشی)

(11) سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ جرمنی

میڈیا کوریج اور حضور انور کا انٹرویو، مہمانوں کے تاثرات، تقریب آمین، فیملی ملاقاتیں اور خطبہ جمعہ

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

14/اکتوبر 2015ء

حصہ دوم آخر

خطاب کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس جگہ تشریف لے گئے، جہاں بیت صادق کا سنگ بنیاد رکھا جانا تھا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعاؤں کے ساتھ بنیادی اینٹ نصب فرمائی۔ اس کے بعد حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا العالی نے بیت کی بنیاد کی اینٹ رکھی۔ پھر بعدازاں علی الترتیب درج ذیل جماعتی عہدیداران اور احباب کو ایک ایک اینٹ رکھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

1۔مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب نیشنل امیر جماعت جرمنی
2۔میئر Thomas Berling صاحب
3۔ضلعی ڈپٹی کمشنر Helena Hoon صاحبہ
4۔خاکسار عبدالماجد طاہر ایڈیشنل وکیل التبشیر
5۔مکرم حیدر علی ظفر صاحب مربی انچارج جرمنی
6۔مکرم مبارک احمد ظفر صاحب ایڈیشنل وکیل المال
7۔مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری
8۔مستنصر احمد صاحب ریجنل مربی سلسلہ
9۔مکرم چوہدری افتخار احمد صاحب صدر مجلس انصار اللہ جرمنی
10۔مکرم حسنات احمد صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی
11۔مکرمہ امۃ الحیٰ صاحبہ صدر لجنہ اماءاللہ جرمنی
12۔مکرم رشید ارشد خان صاحب ایڈیشنل سیکرٹری جائیداد برائے منصوبہ سو بیوت الذکر
13۔مکرم اشتیاق احمد صاحب ریجنل امیر و صدر جماعت Nordhorn
14۔مکرم خواجہ شبیر احمد صاحب سیکرٹری تربیت Nordhorn
15۔مکرم فصیح الدین عرفان صاحب زعیم انصار اللہ Nordhorn
16۔مکرم صالح احمد صاحب قائد مجلس خدام الاحمدیہ Nordhorn
17۔محترمہ مبارکہ عرفان صاحبہ صدر لجنہ اماءاللہ مجلس Nordhorn
18۔مکرم عطاء الحلیم احمد صاحب
19۔عزیزہ فوزیہ فیصل ملک واقفہ نو
20۔عزیزم یحییٰ یوسف واقف نو

سنگ بنیاد کی تقریب کے آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی۔ دعا کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لجنہ کی مارکی میں تشریف لے گئے جہاں بچیوں نے دعائیہ نظمیں پیش کیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مارکی میں تشریف لے آئے، جہاں تمام مہمانوں کے لئے دوپہر کے کھانے کا انتظام کیا گیا تھا۔

میڈیا کے نمائندگان کا انٹرویو

کھانے کے پروگرام کے بعد اس تقریب میں شامل ہونے والے میڈیا اور پریس کے نمائندگان نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا انٹرویو لیا۔

درج ذیل میڈیا کے نمائندگان نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا انٹرویو لیا۔

1۔TV NDR یہ نارتھ جرمنی کا ٹی وی ہے جسے کئی ملین لوگ دیکھتے ہیں۔
2۔EMS TV یہ ایک لوکل ٹی وی چینل ہے۔
3۔FFN Radio یہ بھی نارتھ جرمنی کا ریڈیو ہے۔ اس کو ملینز کی تعداد میں لوگ سنتے ہیں۔

ٹی وی اور ریڈیو چینل کے نمائندگان نے درج ذیل سوالات پوچھے:

آپ نے ابھی بتایا تھا کہ Nordhorn شہر سے گزر کر یہاں آئے ہیں۔ آپ کو اس شہر کی کیا چیز سب سے زیادہ پسند آئی ہے؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: میں نے صاف ستھری سڑکوں، خوبصورت گھروں اور ایک خاموش اور پُرسکون علاقہ کا مشاہدہ کیا ہے۔

سوال: آپ کو کیسا لگ رہا ہے کہ آپ دوبارہ جرمنی تشریف لائے ہیں اور ایک اور بیت کا سنگ بنیاد رکھا ہے؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: ہماری خواہش ہے کہ جہاں بھی ہماری جماعت قائم ہو وہاں پر (بیت) بھی موجود ہونی چاہئے۔ جس طرح سے ایک طبعی خواہش ہوتی ہے کہ جہاں بھی انسان رہے وہاں اس کا اپنا گھر بھی ہو۔ ہم چاہتے ہیں کہ جہاں بھی کوئی جماعت ہو وہاں پر ان کی (بیت) بھی ہو جہاں وہ جمع ہو سکیں اور باجماعت عبادت کر سکیں۔

سوال: جماعت Nordhorn کو ان کی (بیت) کی تعمیر کے حوالہ سے آپ کون سی نیک تمنائیں دینا چاہتے ہیں؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: میں نے اپنی خواہش کا اظہار ابھی کیا ہے کہ جب (بیت) تعمیر ہو جائے تو ہماری جماعت کو اپنے اصل اخلاق اور اپنے مذہب کی اصل تصویر کے مظاہرہ میں مزید فعال ہونا چاہئے اور یہ مذہب (دین حق) ہے جو کہ امن محبت اور ہم آہنگی کا پیکر ہے۔ پس میں امید کرتا ہوں کہ جب یہ (بیت) تعمیر ہو جائے گی تو امن محبت اور ہم آہنگی کا پیغام اس سے پھیلے گا۔

آج کی اس تقریب میں یکصد سے زائد مہمان شامل ہوئے جن میں Mr. Thomas Berling (میئر Nordhorn)، Helena Hoon صاحبہ ڈپٹی کاؤنٹی کمشنر، Danila صاحبہ میئر Emlichsheim، میئر Neuenhaus، میئر Wietmarschen، Mr. Meinhard سابق میئر، Mr. Friedel Witte سابق میئر اور اس کے علاوہ سٹی کونسل کے نمائندگان، سیاستدان، وکلاء، اساتذہ، پولیس چیف، پادری، ڈاکٹرز، طلباء اور دیگر چیریٹی تنظیموں کے لوگ شامل تھے۔

دوپہر کے کھانے کے بعد مہمان باری باری حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے پاس آ کر شرف ملاقات پاتے رہے، حضور انور ازراہ شفقت مہمانوں سے گفتگو فرماتے رہے۔

ایک سابق میئر Friedel Witte نے اس بات کا اظہار کیا کہ انہوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کو یہاں اپنے شہر آنے کی دعوت دی تھی لیکن وہ یہاں آ نہ سکے، کوئی موقعہ نہ بنا۔ اب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز یہاں ہمارے شہر میں تشریف لائے ہیں تو میری یہ خواہش پوری ہوگئی ہے کہ خلیفۃ المسیح ہمارے شہر آئیں۔

بعدازاں تین بجکر چالیس منٹ پر یہاں سے روانہ ہو کر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واپس ہوٹل تشریف لے آئے۔ نماز ظہر و عصر کا انتظام اسی ہوٹل میں کیا گیا تھا۔ سوا چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد ساڑھے چار بجے یہاں سے فرینکفرٹ کے لئے روانگی ہوئی۔ یہاں سے فرینکفرٹ کا فاصلہ 350 کلومیٹر ہے۔

فرینکفرٹ آمد

چار گھنٹے کے سفر کے بعد رات ساڑھے آٹھ بجے بیت السبوح فرینکفرٹ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ورود مسعود ہوا۔ جہاں احباب جماعت مرد و خواتین اور بچوں بچیوں نے ایک بڑی تعداد میں اپنے پیارے آقا کا والہانہ انداز میں بڑا پُرجوش استقبال کیا۔ بچوں اور بچیوں کے گروپس مسلسل دعائیہ نظمیں اور خیر مقدمی گیت پیش کر رہے تھے۔ احباب اور خواتین اپنے ہاتھ ہلا کر اپنے دلی جذبات اور فدائیت کا اظہار کر رہے تھے۔ اھلاً و سھلاً و مرحبا کی صدائیں بلند ہو رہی تھیں۔

جونہی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز گاڑی سے باہر تشریف لائے لوکل امیر فرینکفرٹ مکرم ادریس احمد صاحب اور مربی سلسلہ محمد اشرف ضیاء صاحب نے حضور انور کو خوش آمدید کہا اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔

حضور انور نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور احباب جماعت کے درمیان سے گزرتے ہوئے اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

آج فرینکفرٹ ریجن کی جماعتوں کے علاوہ Bad Homburg، ویزبادن، Hanau، Gross Gerau، Morfelden، Friedberg، ہمبرگ، برلن، کوبلنز، Koln، Limburg اور Chemnitz کی جماعتوں اور شہروں سے لوگ اپنے پیارے آقا کے استقبال کے لئے پہنچے تھے۔

کوبلنز (Koblenz) سے آنے والے 135 کلومیٹر، Koln سے آنے والے 175 کلومیٹر، ہمبرگ (Hamburg) سے آنے والے پانچصد کلومیٹر اور برلن (Berlin) سے آنے والے 550 کلومیٹر کا ایک طویل فاصلہ طے کر کے اپنے پیارے آقا کے استقبال کے لئے پہنچے تھے۔

نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشریف لا کر نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

آج اپنے پیارے آقا کی اقتداء میں ایک ہزار کے لگ بھگ افراد مرد و خواتین اور بچوں نے نماز مغرب و عشاء ادا کرنے کی سعادت پائی۔ مرد و خواتین کے ہال نمازیوں سے بھرے ہوئے تھے۔ بڑے لمبے فاصلے طے کر کے لوگ نماز کی ادائیگی کے لئے پہنچے تھے۔ ان نمازیوں میں ایک تعداد ان لوگوں کی بھی تھی جو گزشتہ تین ماہ میں پاکستان سے جرمنی پہنچی تھی اور ان کی زندگی میں خلیفۃ المسیح کی اقتداء میں ان کی یہ پہلی نماز تھی جہاں اپنی خوش نصیبی پر خوش تھے وہاں ان کی آنکھیں آنسوؤں سے تر تھیں اور یہ ان بابرکت لمحات سے فیضیاب ہو رہے تھے اور ان کی برسوں کی تشنگی پیارے آقا کے دیدار سے سیراب ہو رہی تھی۔ اللہ تعالیٰ یہ سعادتیں اور برکتیں ہم سب کے لئے مبارک فرمائے۔ آمین

بیت صادق کی تقریب کے مہمانوں کے تاثرات

بیت صادق (Nordhorn, Germany) کے سنگ بنیاد کی تقریب میں شامل ہونے والے مہمانوں پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطاب نے گہرا اثر چھوڑا اور بہت سے مہمان اپنے دلی

جذبات اور تاثرات کا اظہار کئے بغیر نہ رہ سکے۔

اس تقریب میں ایک لوکل ٹی وی چینل کی چند نمائندہ خواتین بھی آئی ہوئی تھیں۔ انہوں نے حضور انور کا انٹرویو بھی لیا۔

انٹرویو کے بعد **ایک نمائندہ خاتون Angie** صاحبہ کہنے لگیں:

ابھی جب میں آپ کے خلیفہ کا انٹرویو لے رہی تھی تو میرے ساتھ ایک عجیب واقعہ ہوا ہے۔ میں اس واقعہ کو اپنے دوستوں کو نہیں بتا سکتی کیونکہ وہ سمجھیں گے کہ میں پاگل ہوگئی ہوں۔ میں شروع سے ہی روحانیت میں دلچسپی رکھتی ہوں۔ جب آپ کے خلیفہ خطاب فرما رہے تھے، تب میرے دل میں شدید خواہش پیدا ہوئی کہ میں بھی حضور سے بات کروں۔ میرا پلان نہیں تھا کہ میں انٹرویو لوں لیکن اب یہ شدید خواہش پیدا ہوئی کہ کاش میں ایسا کرسکوں۔

پھر کہنے لگی کہ میرا یہاں آنا عجیب اتفاقات کے بعد ممکن ہوا ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ خدا مجھے یہاں لے آیا ہے اور خلیفہ سے ملایا ہے کیونکہ بظاہر ممکن نہ تھا کہ میں یہاں آتی۔ کہنے لگی کہ آپ کے خلیفہ سے ملاقات میرے بیان سے باہر ہے۔ ان کی آنکھوں کی طرف دیکھنا بہت ہی زیادہ عجیب تھا۔ میں نے ان کی آنکھوں میں ایک روشن Tunnel دیکھی اور مجھے محسوس ہوا کہ میں خدا تعالیٰ کو محسوس کر رہی ہوں۔ مجھے یقین ہوگیا ہے کہ یہ شخص خدا کا خاص بندہ اور خدا تعالیٰ تک پہنچنے کا ذریعہ ہے۔

مجھے یوں لگا کہ جیسے میرے حواس جواب دے گئے ہوں اور مجھے اگلے دس دن نیند نہیں آئے گی۔ انٹرویو کے دوران میں اردگرد سب کچھ بھول گئی۔ مجھے یہ بھی یاد نہیں رہا کہ میں نے حضور سے کیا کیا سوال کئے۔ بس مجھے صرف یہ یاد ہے کہ حضور کی آنکھیں بول رہی تھیں۔ میں یہ منظر کبھی نہیں بھول سکتی۔ مجھے یوں لگا جیسے میں اس دنیا میں نہیں ہوں۔

کہنے لگی کہ میں اس وقت بہت مشکلات سے گزر رہی ہوں لیکن یوں محسوس ہو رہا ہے کہ آج حضور سے ملاقات کے بعد سارے مسائل کا حل مل گیا ہے۔ میں نے آج کچھ فیصلے کئے ہیں۔ وہ بار بار کہتی گئی کہ یہ واقعہ میں کسی کو نہیں سنا سکتی کیونکہ لوگ سمجھیں گے کہ میں پاگل ہوگئی ہوں۔

مہمانوں میں **ایک کیتھولک مذہب کے پیرو Paul Sholand صاحب** تھے۔ انہوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

میں چرچ جایا کرتا تھا لیکن وہاں مجھے ہمیشہ بے چینی ہوتی۔ پادری ہمیشہ اپنے آپ کو بڑا سمجھتا اور ہمیں گنہگاروں کی طرح حقارت سے دیکھتا۔ لیکن آج بہترین طریقہ سے مجھے خوش آمدید کہا گیا اور آپ کے خلیفہ نے نہ مجھے اور نہ کسی اور کو حقارت سے دیکھا کیونکہ وہ بہت منکسر المزاج ہیں۔ خلیفہ کی شخصیت میں کسی قسم کا بناوٹی پہلو نہیں ہے۔ حضور کی شخصیت کو بہت ہی تسکین بخش محسوس کیا اور بزرگی اور بڑائی پائی اور آپ کو انسانوں کا ہمدرد پایا۔ مزید ان کا کہنا تھا کہ حضور کو بہت ہی خوش الحان پایا جس کو سننا دل کو سکون دیتا ہے۔ تمام ماحول کو پیار محبت اور انسانی ہمدردی سے پُر پایا۔ یہی حقیقی راہنماؤں کا طریق کار ہوتا ہے۔ وہ ہر ایک کی عزت کرتے ہیں۔ میں آج کا دن کبھی نہیں بھولوں گا۔

Mrs. Jutta جو کہ کونسلر ہیں نے بیان کیا:

میں خلیفۃ المسیح کا خوبصورت خطاب سن کر جذباتی ہوگئی اور خطاب کے دوران آبدیدہ ہوگئی۔ پوچھنے پر انہوں نے کہا کہ حضور انور کے خطاب کے دوران احمدی اپنے آنسو روکنے کی کوشش کر رہے تھے۔ ایسی محبت دیکھ کر میں اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکی۔ حضور انور کے مقام و مرتبہ کے باوجود آپ اپنے آپ کو دوسروں سے ممتاز نہیں سمجھتے۔ حضور کو بہت بے تکلف، سادہ اور انسانوں کا ہمدرد پایا۔ انہوں نے کہا کہ وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ ایسی بڑی شخصیت تاخیر سے آنے پر معذرت کرے گی۔ اس بات نے ہمیں حضور کا دوست بنا لیا۔ احمدیوں کی خلیفہ سے محبت سے بہت متاثر ہوئی ہوں۔ حضور امن کے پیامبر ہیں۔ آپ نے اپنی تقریر میں امن کی اہمیت، محبت، رحم اور اتفاق پر بہت اچھے طریق پر زور دیا۔ خلیفہ کی آواز نہایت سکون بخش ہے۔ جب خلیفہ کو دیکھتے ہیں تو ایک عجیب اور بے مثال کیفیت ہوجاتی ہے۔ میں خلیفۃ المسیح کے پیغام سے بہت متاثر ہوئی ہوں اور اس سے اعتماد بھی بڑھا ہے۔ انہوں نے میرے دل کو چھوا ہے۔

سابق میئر صاحب نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں ابھی اپنے ساتھیوں کو کہہ رہا تھا کہ اتوار کو چرچ جانے کی ضرورت نہیں۔ جو کچھ ضروری اور اچھا تھا خلیفہ نے کہہ دیا ہے۔

ایک سیاستدان کا کہنا تھا کہ جب حضور ہال میں تشریف لائے تو اس کے رونگٹے کھڑے ہوگئے۔ ایسا اس نے پہلے کبھی اپنی زندگی میں محسوس نہیں کیا۔

نمائندہ شہر ایملیشن ہائین (Emlichhein) نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

ہم نے محسوس کیا ہے کہ حضور کو بہت گہری فراست حاصل ہے، چونکہ آپ نے سیاستدانوں کے خطابات پر تبصرہ کیا اور شہر کے بارہ میں بھی الفاظ کہے۔ حضور بہت خوشکن اور مہربان شخص ہیں کیونکہ آپ نے تاخیر کی معذرت کی اور مقامی شہریوں سے بڑے پیار سے مخاطب ہوئے۔

ایک جرمن خاتون Eda صاحبہ نے بیان کیا:

حقیقت میں یہ بہت اچھی تقریب تھی۔ میں دین کے بارہ میں زیادہ نہیں جانتی تھی۔ لیکن آج خلیفۃ المسیح نے بہت اعلیٰ طریقہ سے سمجھایا۔ مجھے ان کی شخصیت بہت اعلیٰ لگی۔ میں نے دیکھا ہے کہ وہ واقعی انسانیت کے ہمدرد ہیں۔ وہ دنیا میں امن قائم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے ہمیں بتایا کہ اپنے ہمسایوں کا خیال رکھیں۔ خلیفۃ المسیح کے پیغام نے مجھ پر گہرا اثر چھوڑا ہے۔

ایک جرمن دوست Mr. G Viers نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا:

میں مذہباً کیتھولک ہوں اور آج میں نے ایک اور خوبصورت مذہب یعنی دین حق کے بارہ میں سیکھا ہے۔ خلیفہ کی تقریر سے مجھے دین حق پر زیادہ تحقیق کرنے کا شوق ہوا ہے۔ انہوں نے ہمیں دین حق کی حقیقت کا بتایا۔ مجھے پتہ چلا ہے کہ دین حق کی بنیادیں محبت، آزادی اور امن پر قائم ہیں۔ مجھے سب سے اچھی بات یہ لگی کہ انہوں نے کہا کہ دین حق ہمسایوں کے حقوق پر بہت زور ڈالتا ہے۔

ایک پولیس افسر Mr. Sandfort صاحب بھی اس تقریب میں شامل تھے۔ موصوف نے کہا:

خلیفہ کا پیغام امن کا پیغام تھا۔ انہوں نے بتایا کہ دین حق ایک عمدہ مذہب ہے اور اسے خوش آمدید کہنا چاہئے نہ کہ اس سے خوفزدہ ہونا چاہئے۔ خلیفہ کی یہ بات کہ ہم سب خدا تعالیٰ کی مخلوق ہیں مجھے بہت اچھی لگی۔ یہ بات نہ صرف میرے دل کو لگی، بلکہ میرے دل میں گھر کر گئی اور وہیں رہے گی۔

ایک جرمن دوست Mr. Reinhold Valken صاحب نے کہا:

خلیفۃ المسیح کا پیغام امن کا پیغام تھا۔ میرے لئے آج کا دن بے مثال تھا۔ میں پہلے کبھی اتنی اچھی تقریب میں شامل نہیں ہوا۔ خلیفہ نے ریفیوجیز اور انسانیت کی خدمت کے حوالہ سے جو پیشکش کی وہ دل کو گرما دینے والی ہے اور اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ لوگ جو پیغام دیتے ہیں اس پر خود بھی عمل کرتے ہیں۔

ایک جرمن خاتون Miss Anika Mollman نے بیان کیا:

میں مذہبی نہیں ہوں اور نہ میں کسی مذہب پر ایمان رکھتی ہوں۔ بلکہ پہلے مجھے یہ بھی نہیں پتا تھا کہ دنیا میں ایک خلیفہ ہے۔ لیکن آج جب میں نے اس خلیفہ کو دیکھا اور سنا تو میں نے سوچا کہ یہ لوگوں کے لئے ایک نمونہ ہیں۔ آج میں دین کے بارہ میں بہترین رائے لے کر جا رہی ہوں۔ میں نے سیکھا ہے کہ بیت صرف عبادت کے لئے نہیں ہے بلکہ لوگوں کی خدمت کے لئے بھی ہے۔ میں نے سیکھا ہے کہ بیت ہمسایوں کے خیال رکھنے کی بھی جگہ ہے۔ میں نے سیکھا ہے کہ بیت امن پھیلانے کا مقام ہے۔ بیت کے بارہ میں تمام سوالات یا خوف جو کسی انسان کو ہوسکتے ہیں خلیفۃ المسیح کے خطاب سے دور ہوجاتے ہیں۔

ایک نوجوان طالبعلم لڑکی Neela نے کہا:

میں دین کے بارہ میں کچھ نہیں جانتی تھی۔ لیکن میں نے آج اس تقریب کے ماحول اور خلیفۃ المسیح کے خطاب کو بہت مثبت اور دوستانہ پایا۔ سب سے بڑھ کر میں نے یہ سیکھا کہ (دین) امن کا مذہب ہے۔

Andre Musselen صاحب نے بیان کیا:

یہ ایک غیر معمولی اور خاص تقریب تھی۔ میں خلیفہ کے خطاب سے بہت متاثر ہوا ہوں۔ انہوں نے ہمیں حقیقی آزادی کا راستہ دکھایا۔

ایک خاتون Mrs. Suzanne Koch نے بیان کیا:

میں خلیفہ کا خطاب سن کر حیران رہ گئی۔ **سارا خطاب ہی امن اور ہمسایوں کے خیال رکھنے کے بارہ** میں تھا۔ اس زمانہ میں اس قسم کے پیغام کی اشد ضرورت ہے کیونکہ لوگ دین حق یا ریفیوجیز سے ڈرتے ہیں۔ جبکہ خلیفۃ المسیح نے ہمارے اس خوف کو ختم کیا۔ اکثر لوگ خودغرض ہوتے ہیں لیکن حضور انور نے کہا کہ بے نفس ہوجائیں اور دوسروں کا خیال رکھیں۔

ایک مہمان جرنلسٹ نے بیان کیا کہ:

میرا ارادہ تھا کہ اس تقریب کے بعد میں خلیفۃ المسیح کا انٹرویو کروں گا لیکن خلیفۃ المسیح کا خطاب سن کر کسی قسم کے انٹرویو کی ضرورت نہ رہی کیونکہ انسان کے ذہن میں دین کے بارہ میں جو بھی ممکنہ خوف یا سوالات آسکتے تھے ان سب کا جواب خلیفۃ المسیح نے اپنے خطاب میں دے دیا۔

ایک خاتون Mrs. Monika Wasserman صاحبہ نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

آج کی یہ تقریب بہت شاندار تھی۔ خلیفۃ المسیح نے جو پیغام دیا وہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔ میں مذہباً کیتھولک ہوں لیکن آج مجھے پتہ چلا ہے کہ ہمارے درمیان بہت سی چیزیں مشترک ہیں۔ خلیفۃ المسیح نے آج ثابت کر دیا ہے کہ ہمارے مابین مشترک چیزیں زیادہ ہیں۔ خلیفۃ المسیح کی باتوں نے میرے دل پر اثر ڈالا ہے۔ آج میں نے پہلی مرتبہ دین حق کی حقیقت کو سمجھا ہے۔

میڈیا کوریج

دو لوکل اخبار Almere Deze Week اور Almere Dichtbij نے آج 14/اکتوبر 2015ء کی اشاعت میں لکھا:

بیت Poort کا سنگ بنیاد رکھا گیا ہے۔

المیرے Poort میں Officialy بیت العافیت کا سنگ بنیاد بروز بدھ کو رکھا گیا ہے۔ اس دوران اس پیغام پر زور دیا گیا کہ یہ بیت کبھی بھی تفرقہ بازی اور دہشت گردی کا سبب نہیں بنے گی۔

حضرت مرزا مسرور احمد احمدیہ جماعت کے خلیفہ ہیں اور سنگ بنیاد کی تقریب کے لئے موجود تھے۔ اس کے علاوہ بہت سے افراد جماعت موجود تھے، Deputy Mayor Frits Huis پولیس کے نمائندہ، سکھ کمیونٹی کے نمائندہ اور یہودی کمیونٹی کے نمائندہ بھی موجود تھے۔

حضرت مرزا مسرور احمد نے مقامی لوگوں کو بتایا کہ بیت العافیت کا مطلب ہے حفاظت اور تحفظ کا گھر۔ یہ بیت کبھی بھی تفرقہ بازی اور دہشتگردی کا سبب نہیں بنے گی بلکہ خلیفہ نے کہا کہ یہ بیت ہر ایک کے لئے کھلی رہے گا نیز یہاں کے جماعت کے افراد المیرے کی ہر قسم کی مدد کرنے کو تیار رہیں گے۔

Deputy Mayor نے خلیفہ کے علم و حکمت کو سراہا اور بتایا کہ المیرے ہر قسم کے لوگوں کو قبول کرنے کے لئے تیار ہے۔ جماعت احمدیہ کی بنیاد حضرت مرزا غلام احمد نے رکھی۔ انہوں نے مسیحیت کا دعویٰ کیا تھا جس کی پیشگوئی نبی حضرت محمد ﷺ نے کی تھی۔ حضرت مرزا غلام احمد کا بنیادی کام دین کی حقیقی تعلیم کو دنیا میں دوبارہ قائم کرنا تھا۔ یہ جماعت اس وقت دنیا کی سب سے بڑی (دینی)

تنظیم ہے اور دنیا بھر میں اپنے امن کے پیغام کی وجہ سے جانی جاتی ہے۔

15 / اکتوبر 2015ء

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صبح چھ بجکر چالیس منٹ پر تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دفتری ڈاک اور رپورٹس ملاحظہ فرمائیں اور ہدایات سے نوازا اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی بعض دفتری امور کی انجام دہی میں مصروفیت رہی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت السبوح کے مردانہ ہال میں تشریف لاکر نماز ظہر وعصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

پچھلے پہر بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی دفتری امور کی انجام دہی میں مصروفیت رہی۔

فیملی ملاقاتیں

پروگرام کے مطابق چھ بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور فیملیز ملاقاتیں شروع ہوئیں۔

آج شام کے اس سیشن میں 31 فیملیز کے 122 افراد اور 25 کی تعداد میں احباب نے انفرادی طور پر اپنے پیارے آقا سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ اس طرح مجموعی طور پر 147 افراد نے شرف ملاقات پایا۔ ان سبھی فیملیز اور احباب نے اپنے پیارے آقا کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت بھی پائی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت تعلیم حاصل کرنے والے طلباء اور طالبات کو قلم عطا فرمائے اور چھوٹی عمر کے بچوں اور بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

اپنے پیارے آقا کے ساتھ ملاقات کرنے والی یہ فیملیز فرینکفرٹ کی لوکل جماعت کے علاوہ درج ذیل جماعتوں اور علاقوں سے آئی تھیں۔

Karben، Babenhausen، Herford، Dreieich، Rudesheim، ویزبادن، Pulheim، Friedburg، سٹٹ گارٹ، لمبرگ، Freiburg، Maintal، Viersen، Chemnitz، Nidda، Buxtehude، ہائیڈل برگ، Ahaus، Mainz، Neuberg، Luneburg، Russelsheim، من ہائیم اور Frankenberg کی جماعتوں سے آئے تھے۔ اس کے علاوہ پاکستان سے آئی ہوئی بعض فیملیز نے بھی اپنے پیارے آقا سے ملاقات کی سعادت پائی۔

ملاقاتوں کا یہ پروگرام ساڑھے آٹھ بجے ختم ہوا۔

تقریب آمین

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت کے ہال میں تشریف لے آئے جہاں پروگرام کے مطابق تقریب آمین کا انعقاد ہوا۔

درج ذیل اکیس بچوں اور بچیوں سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت قرآن کریم کی ایک ایک آیت سنی اور آخر پر دعا کروائی۔

درج ذیل خوش نصیب بچے اور بچیاں آمین کی اس تقریب میں شامل ہوئے عزیزم سید نعمان احمد گردیزی، سید ابصار احمد، عزیزم شاہد انعام، عزیزم کمال مرتضیٰ، ندیم احمد، عبدالمنان، سمیش قمر،

عزیزہ سبرا قمر، عزیزہ عائشہ مسرور، عزیزہ ہالہ حفیظ، عزیزہ نور فضا حق، عزیزہ کاشفہ نور احمد، عزیزہ درمانہ خلعت احمد، عزیزہ نعمانہ عامر، عزیزہ دانیہ حنا خان، عزیزہ ماہ نور، عزیزہ راضیہ امتیاز وڑائچ، عزیزہ نجمہ شریف، عزیزہ سیدہ امۃ السبوح شاہ، عزیزہ عریشہ خاں، عزیزہ امۃ السبوح عزیز،

تقریب آمین میں شرکت کرنے والے یہ بچے اور بچیاں جرمنی کی جماعتوں فرینکفرٹ سٹی، Hessen West، Dramstad، Ginsheim، Pfalz، Morf Walldorf اور ویزبادن سے آئے تھے۔

تقریب آمین کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

16 / اکتوبر 2015ء

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صبح چھ بجکر چالیس منٹ پر تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

بیت العافیت کا تعارف

آج جمعۃ المبارک کا دن تھا۔ نماز جمعہ کی ادائیگی کا انتظام بیت السبوح کے ساتھ ہی بالمقابل واقع جماعتی سنٹر بیت العافیت میں کیا گیا تھا۔ بیت العافیت کی وسیع وعریض عمارت، مجلس انصاراللہ جرمنی اور مجلس لجنہ اماء اللہ جرمنی نے دوران سال اپنے مرکزی دفاتر اور ضروریات کے لئے خریدی تھی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے گزشتہ دورہ جرمنی کے دوران 26 مئی 2015ء کو اس عمارت کا افتتاح فرمایا تھا۔ یہ وسیع وعریض عمارت پانچ منازل پر مشتمل ہے۔ اس کے قطعہ زمین کا کل رقبہ 3811 مربع میٹر ہے اور جو Covered Area ہے۔ اس کا کل رقبہ 11 ہزار 250 مربع میٹر ہے۔ اس پانچ منزلہ عمارت میں کئی وسیع وعریض ہال ہیں اور بڑی تعداد میں دفاتر ہیں۔

بیسمنٹ (Basement) کو ملا کر یہ پانچ منزلہ عمارت ہے بیسمنٹ کا رقبہ 2215 مربع میٹر ہے۔ اس عمارت میں چھ عدد اپارٹمنٹس (رہائشی گھر) بھی ہیں۔ گراؤنڈ فلور پر 10 کمرے ہیں۔ گیسٹ ہاؤس موجود ہے۔ ایک عدد کچن اور چار باتھ رومز ہیں اور ایک بڑا ہال ہے جس کا رقبہ 1318 مربع میٹر ہے۔

فرسٹ فلور پر کمروں کی تعداد 13 ہے۔ ایک عدد کچن اور پانچ باتھ رومز ہیں۔ اس کے علاوہ ایک بڑا ہال بھی ہے جس کا رقبہ 1223 مربع میٹر ہے۔

